نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کا ماڈل بازار وحدت روڈ لاہور میں محکمہ زراعت پنجاب کے تحت قائم فیئر پرائس شاپ کا دورہ

لاہور 19 مارچ 2024: سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے ماڈل بازار وحدت روڈ لاہور میں محکمہ زراعت پنجاب کے تحت قائم فیئر پرائس شاپ کا دورہ کیا۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایت پر صوبہ بھر میں 51 فیئر پرائس شاپس قائم کی گئی ہیں جہاں 13 اشیاء وافر مقدار میں عوام کو رمضان المبارک کے موقع پر دستیاب ہیں۔سیکرٹری زراعت پنجاب نے فیئر پرائس شاپ پر موجود افسران وعملہ کو ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ تمام اشیاء کی دستیابی صبح 9 بجے سے شام 5 بجے تک وافر مقدار میں یقینی بنائی جائے۔بزرگ شہریوں کے کاؤنٹرز علیحدہ قائم کئے جائیں۔زیادہ رش کی صورت میں پھلوں اور سبزیوں کی فروخت پیکٹس بنا کر کی جائے۔خریداروں کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آیا جائے اور سبزیوں اور پھلوں کی کوالٹی پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے۔سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کے دورہ کے موقع پر شہریوں نے اُن سے گفتگو کرتے ہوئے حکومت پنجاب کے اس اقدام کو سراہا۔

☆☆☆☆